## نیوز ریلیز

# تصحیح شدہ: والدین کو ادائیگی کا پورٹل اب کُھلا ہے

14 اکتوبر، 2025ء [میڈیا انکوائریز]

## اساتذہ کی ہڑتال سے متاثرہ البرٹا کے خاندانوں کی مدد کیلئے والدین کی ادائیگی کے پروگرام کیلئے اب درخواستیں قبول کی جا رہی ہیں۔

رواں لیبر ایکشن کی وجہ سے بچوں کے گھر پر رہنے کے دوران خاندانوں کے ان اضافی اخراجات کو کم کرنے میں مدد کیلئے جن کا خاندانوں کو سامنا ہو سکتا ہے، البرٹا کی حکومت پیئرینٹ پیمینٹ پروگرام شروع کر رہی ہے، اور اس خلل انگیزی کی مدت کیلئے فی طالبعلم، فی یوم 30 ڈالر فراہم کر رہی ہے۔

parentpayment.Alberta.ca پر جانا یا Alberta.ca پر دیئے ہوئے لِنک پر کلِک کرنا ہی پیئرینٹ پیمینٹ پورٹل تک رسائی کے طریقے ہیں۔

14 اکتوبر سے، خاندان پیئرینٹ پیمینٹ پروگرام کیلئے Alberta.ca پر درخواستیں دے سکتے ہیں۔

یہ ادائیگیاں 12 سال اور اس سے کم عمر طلباء کے والدین اور سرپرستوں کیلئے دستیاب ہیں جو اس خلل انگیزی سے متاثرہ عوامی، کیتھولک یا فرانکوفون اسکولوں میں پڑھتے ہیں، اور اس کا مقصد بچوں کی نگہداشت، ٹیوشن یا سیکھنے کی دوسری سرگرمیوں سے متعلقہ اضافی اخراجات کو پورا کرنا ہے جبکہ طلباء اسکولوں میں جانے سے قاصر ہیں۔ اضافی مدد ان بچوں کے خاندانوں کیلئے دستیاب ہے جن کے پاس ایکٹو فیملی سپورٹ فار چلڈرن وِد ڈِس ایبیلیٹیز (ایف ایس سی ڈی) ایگریمینٹس ہیں جو اساتذہ کی ہڑتال سے متاثرہ اسکولوں میں پڑھتے ہیں۔ جب خاندانوں سے کہا جائے گا کہ وہ اپنے بچے کا ایف ایس سی ڈی فائل آئی ڈی نمبر فراہم کریں، جو ان کے ایف ایس سی ڈی ایگریمینٹ پر ہوتا ہے، تو درخواست کے ایک علیحدہ پراسیس کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

فعال ایف ایس سی ڈی ایگریمینٹس والے 12 سال اور اس سے کم عمر بچوں کے خاندان فی بچہ فی اسکول کا دن اضافی 30 ڈالر کی اہلیت رکھتے ہیں۔ پیئرینٹ پیمینٹ پروگرام کے ذریعے ادائیگیوں کے ساتھ ملا کر، یہ کُل فی پانچ روزہ اسکول کا ہفتہ 300 ڈالر بنتے ہیں۔

ایک فعال ایف ایس سی ڈی ایگریمینٹ کے ساتھ 13 سے 17 سال کی عمر کے بچوں کے خاندان فی بچہ فی تعلیمی دن 60 ڈالر کی اہلیت رکھتے ہیں، جو کل فی پانچ روزہ اسکول کا ہفتہ 300 ڈالر بنتے ہیں۔

Classification: Public

لیبر ایکشن کی مدت کے دوران، ادائیگیاں ہر ماہ کے آخری دن جاری کی جائیں گی اور پچھلی تاریخ 6 اکتوبر سے شروع کی جائیں گی۔ پہلی ادائیگی 31 اکتوبر کو بذریعہ ای ٹرانسفر جاری کی جائے گی۔

## اہلیت

پیئرینٹ پیمینٹ پروگرام کے اہل ہونے کیلئے، مندرجہ ذیل معیارات پر پورا اترنا لازمی ہے:

- آپ کو لازمی طور پر 12 سال یا اس سے کم عمر بچے کے والدین / سرپرست ہونا چاہئے۔
- آپ کے بچے کا پبلک، کیتھولک یا فرانکوفون اسکول میں داخلہ ہونا لازمی ہے۔
- آپ اور آپ کے بچے کو لازمی طور پر البرٹا کا رہائشی ہونا چاہئے۔

پیچیدہ نگہداشت کی ضروریات والے بچوں کے خاندانوں کو دستیاب اضافی امداد کے اہل ہونے کیلئے، مندرجہ ذیل اضافی معیار پر پورا اترنا لازمی ہے:

- آپ کو لازمی طور پر ایک فعال ایف ایس سی ڈی ایگریمینٹ کے ساتھ 17 سال یا اس سے کم عمر بچے کے والدین / سرپرست ہونا چاہئے۔

اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کو یقینی بنانے کیلئے والدین کی درخواستوں کا جائزہ لیا جائے گا اور ان کی تصدیق کی جائے گی۔ صرف ایک والد یا والدہ / سرپرست فی بچہ پیئرینٹ پیمینٹ پروگرام کیلئے اہل ہوں گے۔

## درخواست دینے کا طریقہ

- **مرحلہ 1.** اپنے تصدیق شدہ Alberta.ca Account میں لاگ اِن کریں۔
  - اگر آپ کے پاس اکاؤنٹ نہیں ہے، تو Sign up for an Alberta.ca Account
- **مرحلہ 2.** پیئرینٹ پورٹل پر رجسٹر کریں: Parent Payment Program

## فوری حقائق

- والدین کو ادائیگیاں ناقابل ٹیکس ہیں اور وہ ان کے موجودہ بینیفٹس کو متاثر نہیں کریں گی۔ خاندانوں کو یہ فنڈز واپس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔
- ادائیگیاں انٹرایک ای ٹرانسفر (Interac e-transfer) کے ذریعے جاری کی جائیں گی۔
- صرف ایک والد یا والدہ یا سرپرست فی بچہ پیئرینٹ پیمینٹ پروگرام کیلئے اہل ہوں گے۔
- یہ مالی امداد کوئی نئی فنڈنگ نہیں ہے۔ یہ وہ فنڈز ہیں جو اساتذہ کی تنخواہوں سے ری ڈائریکٹ کئے گئے ہیں جو لیبر ایکشن کے دوران انہیں ادا نہیں کئے جائیں گے تاکہ خاندانوں کی امداد کی جا سکے۔

## متعلقہ معلومات

- اسکولوں کی بندش کے دوران والدین کی امداد

- Alberta.ca اکاؤنٹ کے بارے میں

**میڈیا انکوائریز**

**گیریٹ کوہلر (Garrett Koehler)**

780-554-5777
پریس سیکریٹری، تعلیم اور چائلڈ کیئر